بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، بھاول پور

نمبر: 134 / رجسٹریشن

مورخہ: 12-10-2026

﴿ترمیمی شیڈول﴾

بخدمت:

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات
(گورنمنٹ، الحاق شدہ پرائیویٹ کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز)
واقع حدود تعلیمی بورڈ، بہاول پور

عنوان:- ترمیمی شیڈول برائے رجسٹریشن وترسیل ریٹرنز برائے تعلیمی سیشن 28-2026ء گیارہویں جماعت

دفتر ہذا سے جاری کردہ شیڈول داخلہ نمبر 132- رجسٹریشن مورخہ 27-08-2026 کے تسلسل میں جملہ متعلقین کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین نے مراسلہ نمبر SO(Boards)Meetings/PBCC/2026 مورخہ 09-10-2026 کے تحت انٹرمیڈیٹ گیارہویں جماعت تعلیمی سیشن 28-2026ء میں داخلہ برائے رجسٹریشن/آن لائن ڈیٹا انٹری اور ترسیل ریٹرن کا درج ذیل ترمیمی شیڈول جاری کیا ہے۔

نمبر شمار	شیڈول	ادارہ جات میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری/کوائف کی فیڈنگ، بنک میں فیس جمع کرانے، آن لائن کمپیوٹرائزڈ جمع شدہ بنک چالان اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع فارورڈنگ لیٹر بورڈ آفس میں جمع کروانے کی حتمی تواریخ
(i)	بغیر لیٹ فیس	مورخہ 21-08-2026 تا 12-10-2026 تک مبلغ -/2520 روپے فی اُمیدوار
(ii)	-/600 روپے لیٹ فیس کے ساتھ آخری تاریخ	مورخہ 13-10-2026 تا 27-10-2026 تک مبلغ -/3120 روپے فی اُمیدوار
(iii)	ایسے طلباء/طالبات جن کا داخلہ ادارہ جات میں درج بالا شیڈول میں ہوا ہو مگر آن لائن رجسٹریشن نہ ہوسکی ہو یا Batch نہ بنا ہو اور رجسٹریشن فیس بنک میں جمع نہ کروائی ہو یا رجسٹریشن کی ہارڈ کاپی بورڈ آفس میں جمع نہ ہوئی ہو تو ایسے اُمیدواران کے کوائف آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد رجسٹریشن ریٹرن اصل مروجہ فیس مبلغ -/3120 روپے کے علاوہ یومیہ جرمانہ فیس فی اُمیدوار مبلغ -/300 روپے تاریخ وصولی بورڈ تک جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔	انٹر پارٹ فرسٹ سالانہ امتحان 2027 کے انعقاد سے تین یوم قبل تک
(iv)	مورخہ 27-10-2026 کے بعد گیارہویں جماعت میں داخلہ کی اجازت نہ ہوگی۔	

ضروری نوٹ	درج بالا شیڈول کے مطابق ادارہ جات فیس ادائیگی کر کے رجسٹریشن ریٹرن بورڈ میں جمع کروائیں بغیر ادائیگی فیس رجسٹریشن ریٹرن قابل قبول نہ ہوگی اور رجسٹریشن ریٹرن مسترد کر کے واپس ارسال کر دی جائے گی مزید یہ کہ جس تاریخ کو رجسٹریشن ریٹرن بورڈ آفس میں دستی وصول/کوریئر ہوگی اُسی دن کے مطابق فیس شیڈول نافذ العمل ہوگا۔

(دستخط)
سیکرٹری بورڈ

(1) امیدواران کی رجسٹریشن فیس بنک میں جمع کروانے کے بعد آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی، جمع شدہ بنک چالانز (رجسٹریشن فیس) مع ترسیلی لیٹر دفتر ہذا میں مقررہ تاریخ (بغیر لیٹ فیس / لیٹ فیس شیڈول) تک ترسیل / کوریئر نہ پہنچنے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد پہلے ماہ مبلغ -/2,000 روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ -/3,000 روپے جرمانہ سربراہ ادارہ (کالج / ہائرسیکنڈری سکول انتظامیہ) سے وصول کیا جائے گا واضح رہے کہ مقررہ تاریخ کے اندر رجسٹریشن فیس بنک میں جمع کروا کر ہارڈ کاپی بورڈ میں وصول نہ ہونے کی صورت میں یہ جرمانہ عائد ہوگا بصورت دیگر درج شیڈول کے مطابق جس تاریخ کو بنک میں فیس جمع کروانے کے بعد بورڈ میں ریٹرن وصول ہوگی اس کے مطابق شیڈول نافذ العمل ہوگا۔

(2) **واضح رہے کہ دیگر تمام شرائط و قواعد پہلے سے جاری شدہ شیڈول داخلہ نمبر 132 - رجسٹریشن مورخہ 2026-08-27 کے مطابق ہی لاگو ہونگی۔**

پروفیسر عدیل انالک چیمہ

سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع رضروری کاروائی:۔

(1) ڈائریکٹر تعلیم کالجز بہاول پور ڈویژن بہاول پور
(2) ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاول پور (برائے اشاعت)
(3) نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاول پور (برائے نشریات)
(4) سسٹم اینالسٹ (برائے بورڈ ویب سائٹ)
(5) شیڈول فائل

اقبال احمد

انچارج آفیسر (رجسٹریشن)